# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu News Bulletin**
**Dated : 12 September 2026**
**Time : 07:40 PM**

---

آداب

آداب یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

## ہیڈلائنز

✓ ۱ ----- بھارت کی صدارت میں 18واں برکس چوٹی اجلاس بھارت منڈپم نئی دلی میں شروع// عالمی سطح کے لیڈر متعدد اہم معاملات پر کر رہے ہیں تبادلہ خیال

✓ ۲ ----- بھارت کی برکس کی صدارت عوام دوست اور انسانیت پر مبنی// وزیر اعظم نریندر مودی

✓ ۳ ----- وادی کے مختلف اضلاع میں تیسری قومی لوک عدالت کا انعقاد// ہزاروں کی تعداد میں معاملات افہام وتفہیم کے ذریعے حل۔

اور

✓ ۴ ----- حضرت پیر دستگیر صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز۔

## برکس

بھارت کی صدارت میں 18واں برکس اجلاس آج بھارت منڈپم نئی دلی میں شروع ہوا، جہاں وزیراعظم نریندر مودی نے عالمی رہنماؤں کا خیر مقدم کیا۔ اس دو روزہ چوٹی کے اجلاس میں دنیا کی 21 ابھرتی ہوئی اور ترقی پذیر معیشتیں حصہ لے رہی ہیں، جن میں برازیل، چین، مصر، ایتھوپیا، انڈونیشیا، بھارت، ایران، روس، سعودی عرب، جنوبی افریقہ اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔ اجلاس کے دوران برکس ممبر ممالک کے رہنما گلوبل گورننس، تجارت وسرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، خوراک اور توانائی کی یقینی فراہمی، ہیلتھ کیئر، ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور حساس سپلائی چینز جیسے کئی اہم معاملات پر تبادلہ خیال کررہے ہیں۔

یہ اجلاس بھارت کی صدارت میں منعقد ہورہا ہے اور اس کا موضوع ہے" Building for Resilience, Inovation, Cooperation and Sustaiablity" اجلاس میں وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ روس کے صدر ولادمیر پوتن، چین کے صدر شی جن پنگ، جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa، مصر کے صدر ابدیل فتح ایلسیسی، انڈونیشیا کے صدر پرباوو سبھیانتو اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان شرکت کررہے ہیں۔ اجلاس میں وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ روس کے صدر ولادمیر پوتن، چین کے صدر شی جن پنگ، جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa، مصر کے صدر ابدیل فتح ایلسیسی، انڈونیشیا کے صدر پرباوو سبھیانتو اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان شرکت کررہے ہیں۔

## مودی برکس

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ پچھلے 20 برسوں کے دوران برکس نے عالمی سطح پر اپنی شناخت بنادی ہے۔ انہوں نے موجودہ اجلاس کو ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی برکس کی صدارت عوام دوست اور انسانیت پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی صدارت کے دوران استقامت، اختراعیت، تعاون اور دیرپایت کو اولین ترجیح دی جارہی ہے اور ان ہی ترجیحات کو بروئے کارلاتے ہوئے بھارت نے برکس اشتراک کو براہِ راست عام انسان کے ساتھ جوڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برکس کسی ایک کے خلاف نہیں ہے۔ انہوں نے عالمی گورننس نظام کو زیادہ نمائندہ اور شمولیاتی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ نریندر مودی نے اجلاس کے دوران عالمی گورننس کیلئے دس نکاتی روڈ میپ کی بھی تجویز سامنے رکھی۔

## ڈیکلیئریشن

برکس ممالک نے اتفاق رائے کے ساتھ آج اجلاس کے پہلے روز نیو دہلی ڈیکلیریشن کو منظور کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے پہلے دن کے اجلاس کے اختتام پر اس ڈیکلیئریشن کی تجویز سامنے رکھی تھی۔ اپنے اختتامی خطبے میں وزیراعظم نے کہا کہ نیو دہلی ڈیکلیئریشن کے اختیار کئے جانے سے ممبر ممالک کے مشترکہ عزم کو ایک واضح سمت مل جائے گی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ اب یہ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ان قراردادوں کو واضح نتائج میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی لیڈروں نے واضح کردیا ہے کہ گلوبل ساوتھ مستقبل کی ٹیکنالوجیاں تیار کرنے میں مساوی شراکت داری دی جانی چاہیئے۔

----PM Byte------

اجلاس کے اختتام پر وزیراعظم نریندر مودی اور دیگر برکس لیڈروں نے بھارت منڈپم کے باہر واقع باغیچوں میں کئی پودے لگائے۔

## بات چیت

اس سے پہلے وزیرعظم نریندر مودی نے آج **18** ویں برکس اجلاس کے حاشئے پر کئی عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ ان لیڈروں نے دوطرفہ شراکت داری کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔

## صدر ملاقات

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلی میں ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ ملاقات کی۔ اس سے پہلے ایران کے صدر نے کل وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ بھی ملاقات کی۔ اس دوران مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے بھارت کے موقف کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ تمام معاملات کو بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعہ سے حل کیا جانا چاہیئے۔ وزیراعظم نے خطے میں دائمی امن واستحکام لانے کیلئے مسلسل کوشش کئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔

## سکینہ ایتو

تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار یوٹی کے نوجوانوں کو تعلیم اور کھیل کود کے شعبوں میں بہتر مواقعے فراہم کرنے کیلئے تمام اقدامات کر رہی ہے۔

ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج ڈی ایچ پورہ کے نہامہ علاقے میں ایک کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کئے جانے والے **Volley ball** اکیڈمی کے سنگ بنیاد رکھنے کے بعد وہاں خطاب کرتے ہوئے کہا۔انہوں نے کہ بنیادی سطح پر کھیل کود کے ڈھانچے کو مزید بہتر بنانے سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے میں مدد ملے گی۔

دریں اثنا موصوفہ نے احتجاج کر رہے این ایچ ایم ملازمین پر زور دیا کہ وہ اپنی ہڑتال ختم کر کے ڈیوٹی پر حاضر ہو جائیں تا کہ لوگوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نا کرنا پڑے۔انہوں نے کہا کہ حکومت اُنکے مسائل کو حل کرنے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

--------**Byte**----------

## جاوید ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج گورنمنٹ ڈگری کالج ہدی پورہ رفیع آباد میں ایک فیشن ڈیزائننگ سینٹر کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ اس سینٹر سے مقامی نوجوانوں کیلئے ووکیشنل ٹریننگ اور روزگار کے نئے مواقعے پیدا ہوں گے۔انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ تدریسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کے ہنروں میں بھی اضافہ کریں تا کہ وہ آگے جا کر خود روزگار کما سکیں۔

## جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر بنانا اور عوام تک ضروری خدمات پہنچانا عمر عبداللہ سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔ان باتوں کا اظہار وزیر نے آج پونچھ کے جران والی گلی میں **45** لاکھ روپے کی لاگت والے نئے تعمیر شدہ ریسٹ ہاؤس کے افتتاح اور وہاں ایک کروڑ **85** لاکھ **58** ہزار روپے کی لاگت سے تیار کئے جانے والے جامع واٹر سپلائی آگومینٹیشن اسکیم کے سنگ

بنیاد رکھنے کے موقعے پر کیا۔ بعدازاں انہوں نے پی ایم جی ایس وائی کے تحت وہاں سڑک کے ایک پروجیکٹ کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

دریں اثناء وزیر نے مینڈھر کے بھاٹا دھوریاں علاقے میں منعقدہ ایک عوامی رابطہ پروگرام کے دوران عوام کو درپیش مسائل سنے اور انہیں یقین دلایا کہ اُن کے تمام جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

## اسمبلی انتظامات

جموں کشمیر اسمبلی کے موسم خزاں کے اجلاس کے احسن انعقاد کیلئے تیاریوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

اس سلسلے میں قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے ارکان بھی نامزد کئے ہیں۔ ان میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، ارکان اسمبلی علی محمد ساگر، مبارک گُل، محمد یوسف تاریگامی، غلام احمد میر، سجاد غنی لون، محمد فیاض اور چودھری محمد اکرم شامل ہیں۔

جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ **21** ستمبر سے شروع ہونے والے اس اجلاس کی کارروائی مکمل طور سے بغیر کاغذ نیشنل ای ودھان ایپ کے ذریعے انجام دی جائے گی۔ اسمبلی کے اس اجلاس کیلئے عبوری کلینڈر بھی جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق اس اجلاس میں کُل سات دن کا کام کاج ہوگا۔

## بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

## لوک عدالت

وادی کے مختلف ضلعوں میں آج تیسری قومی لوک عدالت کا اہتمام کیا گیا، جن میں کافی تعداد میں معاملات کو افہام وتفہیم کے ذریعے سے نمٹایا گیا۔ضلع کورٹ کمپلیکس مومن آباد سرینگر اور ایڈیشنل سپیشل موبائیل مجسٹریٹ پانتھا چوک میں جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، ڈاکٹر جسٹس پشپندر سنگھ بھاٹی جو جے اینڈ کے لیگل سروسز اتھارٹی کے سرپرست اعلیٰ بھی ہیں نے جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج اور جے کے ایل ایس اے کے ایگزیکٹیو چیئرمین جسٹس سنجیو کمار کی موجودگی میں لوک عدالت کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر عدلیہ سے جڑی کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔اس موقعے پر چیف جسٹس نے انصاف کے فراہمی کے نظام میں لوک عدالتوں کے مثبت رول کو اُجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ لوک عدالت صرف معاملات حل کرنے کا طریقہ کار نہیں بلکہ یہ تمام فریقین کیلئے ایک موزون پلیٹ فارم ہیں۔سرینگر ضلع میں مختلف معاملات کے نپٹارے کیلئے **11** بینچ تشکیل دیئے گئے تھے، جن میں شنوائی کیلئے لگ بھگ دس ہزار معاملات اٹھائے گئے، جن میں سے **9** ہزار **394** معاملات افہام وتفہیم کے ذریعے حل کئے گئے۔

ایک ارب **11** کروڑ **14** لاکھ **88** ہزار **8** سو روپے ایوارڈ کے طور پر واگذار کئے گئے۔اسی طرح کی لوک عدالت کا اہتمام اننت ناگ میں بھی کیا گیا۔

## یوجنا

پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا کے آج **7** برس مکمل ہوگئے ہیں۔ چھوٹے اور پسماندہ کسانوں کی گزبسر کو یقینی بنانے کے مقصد سے یہ سکیم **2019** میں آج ہی کے دن شروع کی گئی تھی۔

اس اسکیم کے تحت جن چھوٹے اور پسماندہ اہل کسانوں کے پاس زمین ہے ان کے لئے **60** برس کی عمر کے بعد سے ماہانہ **3** ہزار روپے پینشن کا بندوبست ہے۔

## این سی

نیشنل کانفرنس خواتین ونگ کی صدر شمیمہ فردوس نے آج گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول عشائی کوچہ فتح

کدل کی نئی تعمیر شدہ عمارت کا افتتاح کیا۔ یہ عمارت ایک کروڑ 28 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت گھر گھر کو تعلیم کے نور سے روشن کرنے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی حکومت جموں وکشمیر میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔

دریں اثناء پارٹی کے جنرل سکریٹری علی محمد ساگر نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر ضلع سرینگر سے تعلق رکھنے والے ارکانِ قانون سازیہ کے اجلاس سے خطاب کیا۔اس موقعے پر پارٹی پروگروموں، سرگرمیوں، لوگوں کو درپیش مسائل اور ترقیاتی منظرنامے کا جائزہ لیا گیا۔

## بی جے پی

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد سنیل شرما نے پارٹی کے دیگر اسمبلی ممبران کے ہمراہ آج ریاسی اور اُدھمپور میں منعقدہ عوامی رابطہ پروگراموں کے دوران کئی وفود کے مسائل سنے اور انہیں یقین دلایا کہ اُن کے تمام جائز مطالبات کو متعلقہ اداروں اور آنے والے اسمبلی اجلاس میں اٹھائے جائیں گے۔

دریں اثنا جموں وکشمیر بی جے پی کے جنرل سکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج بی جے پی ہیڈکوارٹر ترکوٹہ نگر جموں میں سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت ''آشیرواد کا دِیا'' کے بارے میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔

## درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے وزیراعظم نریندرمودی کی سربراہی والے کھیلو انڈیا پروگرام کے تحت یوٹی میں کھیل کود کے شعبے میں آئی بہتری کو سراہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت یوٹی میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو دوام پہنچا ہے اور یہاں کے کھلاڑی مختلف کھیل سرگرمیوں میں نمایاں کارکردگی دکھارہے ہیں۔وہ آج چرار شریف بڈگام میں علمدار سپورٹس سٹیڈیم میں ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کررہی تھیں۔موصوفہ نے حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت پر حاضری دی اور وہاں جاری تعمیراتی کام کاج کا جائزہ بھی لیا۔

## عرس

حضرت پیر دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں آج ایام متبرکہ شروع ہوئے۔اس سلسلے میں آج وادی کے مختلف زیارتگاہوں،خانقاہوں اور درگاہوں میں ختمات المعظمات، درود واذ کار،نعت ومناجات کی مجالس شروع ہوگئی ہیں۔زیارت پیر دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ خانیار، درگاہ غوثیہ رحباب صاحبؒ عالی کدل، زیارت پیر دستگیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سرائے بالااور دیگرکئی بقعہ جات میں خصوصی مجالس آراستہ ہوئیں۔جن میں علمائے کرام نے اپنے خطاب غوث الاعظمؒ کی زندگی کے مختلف گوشوں کو اُجاگر۔جبکہ اس موقعے پر خصوصی دعاؤں کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## سمینار

ساہتیہ اکیڈمی نئی دلی کی جانب سے کلچرل اکیڈمی سرینگر کے سمینار ہال میں ’’ کاشرس ادبس منز‘‘نعت ومناجات کے موضوع پر آج ایک سمپوزیم منعقد ہوا۔

## عزیز حاجنی

وہاب کلچرل سوسائٹی حاجن اور محکمہ اسکول ایجوکیشن بانڈی پورہ کے باہمی اشتراک سے آج کشمیری زبان کے معروف مصنف، ادیب اور جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی کے سابق سیکریٹری ڈاکٹر عزیز حاجنی کی پانچویں برسی کے موقعے پر ادبی اجتماع اور ایک یوتھ کوئز منعقد کیا گیا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کاامکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30.1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 15.7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 12 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 40 منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ